Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵۳ مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۰ شعبان المعظم ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۹ دسمبر ۱۹۳۲ء جلد ۴۲

گزٹ غیر معمولی

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۲ء

(دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)

آج ہز ایکسیلنسی صاحب کمانڈر انچیف بہادر نے ہماری افواج کا انسپکشن فرمایا۔ بعد ملاحظہ ہز ایکسیلنسی نے پسند فرماتے ہوئے اپنا ایک نوٹ متعلق افواج ریاست کے دیا ہے۔ جس کی نقل انگریزی میں اس روبکار کے ساتھ شامل ہے۔ مابدولت و اقبال بھی اپنا اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں۔ اور صاحب آرمی منسٹر بہادر و جملہ افسران اور سپاہیان فوج کو مبارکباد دیتے ہیں

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بنابر اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ اور آج ہی بلا لحاظ تعطیل اور وقت کے "غیر معمولی گزٹ" میں شائع کیا جائے فقط۔

(حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر)

حسب ایمائے عالی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۹ دسمبر ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

ترجمہ خط۔ ہز ایکسیلنسی کمانڈر انچیف بہادر ۔ موسومہ
اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

کیمپ ہز ایکسیلنسی کمانڈر انچیف بہادر
رامپور، مورخہ ۱۹ ماہ دسمبر ۱۹۳۲ء

جناب نواب صاحب!

آج صبح فوج کی پریڈ کا معائنہ کرنیکے بعد میں جناب سے مسرت کیساتھ گذارش کرتا ہوں۔ کہ اگر آپ مناسب سمجھیں تو میرا حسب ذیل اعلان ریاست کی افواج میں مشتہر فرما دیا جائے :۔

"مجکو آج ہز ہائینس نواب صاحب رامپور کی افواج کا "ریویو" کرنے میں نہایت مسرت ہوئی۔ مجکو معلوم ہوا تہا کہ فوج ایک اعلے پیمانے پر پہونچ گئی ہے۔ میں نے اس معلومات کے مطابق فوج کو مرتب اور تیار پایا۔ اون کی پریڈ پر مستعدی اور چستی کے ساتھ نقل و حرکت، اور ہتھیاروں کا استعمال قابل اطمینان تھا۔

میں نے ابہی ان کی جنگی تیاری کا معائنہ نہیں کیا ہے۔ مگر مجہکو یقین ہے کہ وہ فوج جو پریڈ پر اس قدر پھرتی اور باقاعدگی کا اظہار کر سکتی ہے وہ ہر ضرورت کیوقت آمادہ و تیار رہے گی۔ میں بریگیڈیر مارس صاحب اور کمانڈنگ افسران و دیگر عہدہ داران کو تحسین و آفرین کرتا ہوں جن کی محنت کا یہ ثمرہ ہے کہ ریاست کی فوج ایک قابل اطمینان معیار پر پہونچ گئی ہے۔"

آپ کا دوست صادق۔

(دستخط) فلپ چیٹوڈ۔
کمانڈر انچیف ان انڈیا۔

(رامپور)

Commander-in-Chief's Camp,
India.

RAMPUR.

19th December, 1931.

Dear Nawab Sahib,

Should Your Highness see fit, I should be glad if you would allow the following remarks to be published to your State Forces, after the review I held this morning:—

"It gave me great pleasure to review this morning the State Forces of His Highness the Nawab of Rampur. I had heard that they had arrived at a most creditable state of efficiency, and I was not disappointed.

"The handling of their arms, their steadiness on parade, and the precision of their movements, were all most satisfactory. I have not seen them at their war training, but I feel no doubt that troops who have reached such a high state of smartness and discipline on parade will be ready for any eventuality.

"I should like to congratulate Brigadier Morris and the Commanding Officers and others under them, to whom this satisfactory condition of State Forces is due."

Yrs. Sincly.
Sd. Philip. W. Chetwode.
C-in- C in India.

Lt. H. H. Nawab
Syed Mohd. Raza Ali Khan Bahadur,
Mustaid Jang,
Nawab of Rampur.